مقدس انسلم (معلمِ کلیسیا)

مقدس انسلم شمالی اٹلی کے شہر آؤستا میں پیدا ہوئے۔آپ کا رجحان شروع ہی سے راہبانہ زندگی کی طرف تھا۔تاہم آپ کے والد چاہتے تھے کہ آپ ایک ماہر فوجی بنیں۔اس بات کو پایہ تکمیل تک پہنچانے کے لیے آپ ابھی منصوبہ جات ہی باندھ رہے تھے کہ آپ نے خود ہی دُعا مانگی کہ آپ بیمار پڑ جائیں اور ایسا ہی ہوا۔لیکن پھر بھی آپ اپنی خواہش پوری نہ کر سکے۔کچھ عرصے کے بعد آپ نارمنڈی کے مقام بیک کے ایک راہب خانے میں داخل ہوئے جہاں آپ مختلف مذہبی رتبوں پر فائز رہے۔

سن 1093 میں روزوں کے ایام کے دوران آپ کو کینٹبری کا بشپ بنا دیا گیا۔آپ نے برطانیہ کا بار بار تبلیغی دورہ کیا اور مسیح کا پیغام سناتے رہے۔جب آپ نے شہنشاہ ولیم رُوفس کو بدکاریوں سے روکا اور اُسے راہ راست پر لانے کی کوشش کی تو وہ آپ کا جانی دشمن بن گیا۔

سن 1097 تا 1098 تک آپ نے روم کا سفر کیا اور کچھ عرصہ کلابریا کے راہب خانے میں گزارا اور وہیں پر آپ نے تجسم کے بھید پر بہت کچھ لکھا۔اِسی سال آپ نے باری کی مجلس کی قیادت بھی کی۔سن 1100 میں شہنشاہ ولیم کی وفات کے بعد آپ دوبارہ روم چلے گئے۔آپ اپنی اعلیٰ تعلیمی قابلیت کی وجہ سے نہایت مشہور ہیں۔آپ کی تحریروں نے علمِ فلسفہ اور علمِ الٰہیات پر گہرا اثر چھوڑا ہے۔ خدا کے وجود پر آپ کے دلائل بہت اہمیت رکھتے ہیں اور آج تک ہمارے ایمان کی مضبوطی کا باعث ہیں۔سن 1106 میں آپ نے برطانیہ واپس آئے اور 1109 میں وفات پائی۔آپ کی عید 21 اپریل کو منائی جاتی ہے۔